ماہانہ اجلاس المصطفےٰ ﷺ مرکز

المصطفےٰ ﷺ مرکز کا پہلا تنظیمی اجلاس آج مورخہ ۲۳ رمضان المبارک بروز جمعرات بمطابق ۲۸ اکتوبر ۲۰۰۵ منعقد ہوا جس میں مسئولین اور مخلصین نے شرکت کی۔ اجلاس کی صدارت خادم مرکز سلیم احمد صاحب نے کی۔ اس اجلاس میں درج ذیل امور طے پائے۔

ا۔ شیخوپورہ میں موجود اس مرکز کا نام المصطفےٰ ﷺ مرکز رکھا گیا۔ یہ مرکز اخوت ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام ۱۹۹۲ء سے قائم ہے۔ نام کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ اس کے اغراض و مقاصد میں بھی اضافہ کیا گیا جو کہ آنے والی سطور میں قلم بند کیا گیا ہے۔

منشور: قرآن وسنت کی دعوت و تبلیغ و بالا دستی، اتحاد و فلاح امت، فرقہ پرستی اور تعصبات کا خاتمہ

۲۔ المصطفےٰ ﷺ مرکز کے اغراض و مقاصد کے مطابق یہ مرکز قرآن میں موجود اللہ کے حکم (**واعتصموبحبل اللہ جمیعا و لاتفرقو**) پر عمل کرتے ہوئے تمام مسالک اور پوری امت میں پائی جانے والی فرقہ پرستی اور تعصب کے خاتمہ کے لئے خالص قرآن و سنت پر مبنی کتب اور لٹریچر کی اشاعت اور دعوت و تبلیغ کا ذریعہ بنے گا اور مختلف میٹنگز اور سیمینار کے ذریعے علماء اور دانشوروں میں امت میں باہمی اخوت اور اتحاد امت کے فروغ اور فرقہ پرستی اور تعصّبات کے خاتمہ کے لئے مذاکرات کرائے جائیں گے۔

(جو شخص اپنے بھائی کی حاجت روائی میں لگا رہے گا اللہ اس کی حاجت پوری کرے گا)

اس حدیث رسول ﷺ کے پیغام کو مقصد بناتے ہوئے خصوصاً امت مصطفےٰ ﷺ کی فلاح اور بالعموم تمام انسانیت کی فلاح کے لئے کام کیا جائے گا۔

۳۔ موجودہ منصوبے جاری رکھے جائیں گے جن میں مزید بہتری اور اضافہ کیا جائے گا۔ اس وقت موجود منصوبہ جات میں مسجد النور، شافع ﷺ صحت پروگرام، عائشہ صدیقہؓ تعلیمی پروگرام، فاروق اعظمؓ تعلیمی پروگرام، علی المرتضیٰؓ لائبریری شامل ہیں۔ پانچ ارکان اسلام کی نسبت سے ان پراجیکٹس کی تعداد پانچ رکھی گئی۔

۴۔ المصطفےٰ ﷺ مرکز کے انتظامی امور، خدمات اور وسائل اکٹھا کرنے کے لئے مسئولین مرکز اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔

۵۔ المصطفےٰ ﷺ مرکز کو گورنمنٹ سے رجسٹرڈ کروایا جائے گا اور فاروق اعظمؓ تعلیمی پروگرام اور عائشہ صدیقہؓ تعلیمی پروگرام میں نیا سلیبس متعارف کروایا جائے گا۔ مدارس میں دینی اور دنیاوی علوم کی یکساں تعلیم دی جائے گی۔ دنیاوی تعلیم کے لئے گورنمنٹ کے نصاب کو اپنایا جائے گا اور دینی تعلیم کے لئے قرآن وسنت پر مبنی نصاب پڑھایا جائے گا۔

۶۔ آئندہ سے فاروق اعظمؓ تعلیمی پروگرام اور عائشہ صدیقہؓ تعلیمی پروگرام میں پرائمری پاس بچوں اور بچیوں کو داخلہ دیا جائے گا اور ان کی میٹرک تک تعلیم کا بندوبست کیا جائے گا۔

۷۔ المصطفےٰ ﷺ مرکز کے فیصلوں میں کسی بھی شخص کو کلی اختیار حاصل نہیں ہوگا۔ تمام امور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے حکم کے مطابق باہم مشورہ سے انجام دیے جائیں گے۔ کسی بھی مسئلہ میں اختلاف رائے کی صوت میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف رجوع کیا جائے گا۔

۸۔امت میں سے جو شخص بھی المصطفےٰ ﷺ مرکز کے اغراض ومقاصد سے متفق ہو اور مالی وجانی خدمات سرانجام دینا چاہے وہ بطور مخلص المصطفےٰ ﷺ مرکز کا ممبر بن سکتا ہے۔

المصطفےٰ ﷺ مرکز کے تنظیمی ڈھانچہ کی تفصیل درج ذیل ہوگی

﴾ المصطفےٰ ﷺ مرکز کی رکنیت بطور مخلص کے لئے شرائط برائے مخلص سے آگاہی و عمل ضروری ہے۔

﴾ علاقہ، تحصیل، ضلع اور مرکزی سطح پر مسئول (ذمہ دار) ہونگے جو اپنے اپنے شعبہ/ ذمہ داری کے بارے میں بالترتیب خادم مرکز کو جوابدہ ہونگے۔

﴾ مسئولین کا تقرر مخلصین میں سے ہوگا اور اسی طرح تقویٰ و پرہیز گاری اور مرکز سے وابستگی کی بنیاد پر بالترتیب علاقہ، تحصیل، ضلع و مرکز کی سطح پر مسئولین کی نامزدگی خادم مرکز کریں گے۔

﴾ خادم کا انتخاب مسئولین میں سے ہوگا اور مجلس شوریٰ تقویٰ، پرہیز گاری اور مرکز سے وابستگی کی بنیاد پر خادم کا انتخاب کرے گی۔

﴾ مجلس شوریٰ ضلعی مسئولین پر مشتمل ہوگی اور خادم مرکز تمام اہم امور کے بارے میں مجلس شوریٰ کی مشاورت سے فیصلہ کرے گا

﴾ غیر شرعی وغیر قانونی سرگرمیوں اور فرقہ پرستی ومسلکی تعصب کے حامل مخلص اور مسئول کو مرکز سے وابستگی، خادم مرکز ختم کر سکتے ہیں۔

﴾ کسی علاقہ میں المصطفےٰ ﷺ مرکز کی شاخ کے لئے کم از کم پانچ مخلص ہونا ضروری ہیں۔

﴾ المصطفےٰ ﷺ مرکز کے مخلصین اور مسئولین کے لئے درج ذیل شرائط طے کی گئیں۔

(شرائط برائے مخلص)

۱۔حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کے لئے کوشاں رہے۔

۲۔قرآن وسنت کی دعوت وتبلیغ وبالادستی، اتحاد وفلاح امت کے لئے کوشش کرے اور بدعات وفرقہ پرستی سے اجتناب کرے۔

۳۔ رزق حلال کمائے اور غیر شرعی وغیر قانونی سرگرمیوں سے اجتناب کرے۔

۴۔المصطفےٰ ﷺ مرکز و پیغام مصطفےٰ ﷺ کے فروغ کے لئے جان، مال کو حسب استطاعت خرچ کرے۔

(شرائط برائے مسئولین)

۱۔صحیح اسلامی عقیدہ پر عمل پیرا حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کے لئے کوشاں رہے۔

۲۔قرآن وسنت کی دعوت وتبلیغ وبالادستی، اتحاد وفلاح امت کے لئے کوشش کرے اور بدعات وفرقہ پرستی سے اجتناب کرے۔

۳۔ رزق حلال کمائے اور غیر شرعی وغیر قانونی سرگرمیوں سے اجتناب کرے۔

۴۔المصطفےٰ ﷺ مرکز و پیغام مصطفےٰ ﷺ کے فروغ کے لئے جان، مال کو حسب استطاعت خرچ کرے۔

۵۔المصطفےٰ ﷺ مرکز اور پیغام مصطفےٰ ﷺ کی اشاعت وفروغ کے لئے روزانہ دو گھنٹے اور ماہانہ دو دن تبلیغی دورہ کرنا۔

۶۔ بطور مخلص کم از کم دو سال تک المصطفیٰ ﷺ مرکز سے منسلک رہے۔

بعد ازاں المصطفیٰ ﷺ مرکز کی تنظیم سازی کی گئی جو کہ درج ذیل ہے

تنظیم کا نام: المصطفیٰ ﷺ مرکز

خادم کا نام: سلیم احمد

مسئول مرکز: محمد سعید ضیاء

مسئول برائے انتظامی امور: محمد شہباز حسین

مسئول برائے مالی امور: محمد شہزاد اشرف

مسئول برائے نشر و اشاعت: محمد ادریس

مسئول برائے رابطہ آفس: بلال منیر احمد

شریک مسئول برائے انتظامی امور: ہمیرا فاروق احمد (پرنسپل عائشہ صدیقہ تعلیمی پروگرام)

مخلص و صدر مسجد و تعلیمی پروگرام: محمد سلیم

مخلص و نائب صدر مسجد و تعلیمی پروگرام: احمد فاروق (پرنسپل فاروق اعظم تعلیمی پروگرام)

یہ تنظیم پانچ سال یعنی ۲۰۱۰ء تک قائم رہے گی اور اس کے بعد دوبارہ انتخاب ہوگا اور بوقت ضرورت عہدہ/ ذمہ داری میں تبدیلی بھی کی جا سکتی ہے۔

یہ وہ چند اہم امور ہیں جن پر اس میٹنگ میں غور و فکر کیا گیا اور اہم فیصلے کئے گئے بعد ازاں اجتماعی دعا ہوئی جس کے بعد خادم مرکز نے تمام مسئولین و مخلصین کا شکریہ ادا کیا۔

نام شرکاء:	دستخط
خادم مرکز: سلیم احمد	
مسئول مرکز: محمد سعید ضیاء	
مسئول برائے انتظامی امور: محمد شہباز حسین	
مسئول برائے مالی امور: محمد شہزاد اشرف	
مسئول برائے نشر و اشاعت: محمد ادریس	
مسئول برائے رابطہ آفس: بلال منیر احمد	
شریک مسئول برائے انتظامی امور: ہمیرا فاروق احمد (پرنسپل عائشہ صدیقہ تعلیمی پروگرام)	
مخلص و صدر مسجد و تعلیمی پروگرام: محمد سلیم ڈوگر	
مخلص و نائب صدر مسجد و تعلیمی پروگرام: احمد فاروق (پرنسپل فاروق اعظم تعلیمی پروگرام)	